مدنی مسجد اہل حدیث کھوہار میں تبلیغی و اصلاحی جلسہ

مورخہ 13 مارچ بروز اتوار مدنی مسجد اہل حدیث کھوہار میں عظمت مصطفیٰ ﷺ کے موضوع پر تبلیغی و اصلاحی جلسہ منعقد ہوا جس میں قاری محمد بشیر آف آزاد کشمیر نے بہترین خطاب فرمایا جس میں کھوہار کے علاوہ پوران اور دیگر علاقوں سے لوگوں نے شرکت کی۔

وفیات

مدیر التعلیم مولانا محمد عبداللہ کو صدمہ

مورخہ 13 جنوری بروز جمعرات جامعہ کے مدیر التعلیم مولانا محمد عبداللہ کا دو ماہ کا چھوٹا بیٹا عبدالقادر مدنی وفات پا گیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ نماز جنازہ جامعہ میں رئیس الجامعہ نے پڑھائی جس میں اساتذہ وطلبہ کے علاوہ کافی تعداد میں جماعتی احباب نے شرکت کی۔

مولانا خرم شہزاد، ملک عبدالغفار برقی اور مختار احمد برقی کو صدمہ

مورخہ 15 جنوری بروز ہفتہ مولانا خرم شہزاد کی پھوپھی، ملک عبدالغفار برقی کی والدہ اور مختار احمد برقی کی بھابھی محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ نیک اور صالحہ خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

جماعت کی معروف مبلغہ محترمہ عابدہ یزدانی کا انتقال پر ملال

مورخہ 19 جنوری بروز بدھ علامہ حبیب الرحمٰن یزدانی" کی ہمشیرہ اور جماعت کی معروف مبلغہ محترمہ عابدہ یزدانی طویل علالت کے بعد انتقال کر گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ نے اپنی پوری زندگی دین کی تبلیغ کیلئے وقف کر رکھی تھی۔ مرحومہ کی نماز جنازہ مریدکے میں حضرت مولانا محمد حنیف ربانی نے پڑھائی۔ جہلم سے رئیس الجامعہ نے نماز جنازہ میں شرکت کی۔

ایاز احمد و آفتاب احمد (چوک اہل حدیث) کو صدمہ

مورخہ 19 جنوری بروز بدھ مولانا نذیر حسین مرحوم کے بڑے بیٹے ایاز احمد کی پوتی اور آفتاب احمد کی تین سال کی چھوٹی بیٹی وفات پا گئی۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

شیخ خلیل احمد، شیخ اسجد محمود و شیخ امجد محمود کو صدمہ

مورخہ 22 جنوری بروز ہفتہ شیخ خلیل احمد کی ہمشیرہ اور شیخ اسجد محمود و شیخ امجد محمود کی خالہ محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور نیک خاتون تھیں۔ نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

محمود بٹ و مسعود بٹ (چوک اہل حدیث) کو صدمہ

مورخہ 24 جنوری بروز سوموار محمود بٹ و مسعود بٹ (چوک اہل حدیث) کی خالہ محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ انتہائی نیک خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل نے پڑھائی۔

شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل کو صدمہ

مورخہ 26 جنوری بروز بدھ شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل کی خالہ محترمہ طویل علالت کے بعد وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ بیماری کے باوجود عبادت گزار خاتون تھیں۔ ان کی نماز جنازہ مولانا محمد اکرم جمیل نے کاموکی میں پڑھائی۔

شیخ محمد احسان و محمد عاصم (چوک اہل حدیث) کو صدمہ

مورخہ 11 فروری بروز جمعہ شیخ محمد سلیم مرحوم (عرف کاکا) کا بیٹا، شیخ محمد احسان کا بھائی اور محمد عاصم کا ماموں شیخ محمد طاہر ایکسیڈنٹ ہونے کی وجہ سے اچانک وفات پا گیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔